(69)

PROVINCIAL ASSEMBLY OF KHYBER PAKHTUNKHWA

No.PA/Khyber Pakhtunkhwa/Legis-I(R)/2015/ 3466
Dated Peshawar, the 9 /02/2015.

To,

The Secretary to Government of Khyber Pakhtunkhwa,
Home and Tribal Affairs, Department.

Subject: **RESOLUTION NO. 665 ADOPTED BY THE PROVINCIAL ASSEMBLY OF KHYBER PAKHTUNKHWA.**

Dear Sir,

I am directed to say that the Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa in its sitting held on **06-02-2015** has **unanimously** passed the following Resolution No. **665** moved by Mufti Syed Janan, Member Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa.

اسلام ایک سچا دین ہے اور تمام عالم انسانیت کے لئے مشعل راہ ہے اسلام کے آنے سے دنیا اندھیروں سے نکل کر روشنی کی طرف آئی اور حضرت محمد ﷺ کے آنے سے دنیا ہر سُو روشن ہو گئی سچ نے جھوٹ کو للکارا اُنہوں نے ہمیں نیکی و بدی کی تمیز سکھائی، اخوت و بھائی چارے کی فضا کا عملی نمونہ پیش کیا۔ اُنہوں نے حق و سچ کا پیغام دیا اور آج دنیا ان ہی کی تعلیمات سے روشنی حاصل کر رہی ہے۔ اور تا قیامت حاصل کرتی رہے گی۔ اسلام تمام انبیاء کرام کو معصوم جانتا ہے اور تمام کی شان اقدس میں کسی قسم کی گستاخی کو ناقابل معافی جرم تصور کرتا ہے۔

لیکن

فرانس کی حکومت نے اسلام دشمنی میں حد سے تجاوز کر گیا ہے اور آزادی صحافت کی آڑ میں مسلمانوں کے جذبات کو مجروح کیا ہے۔ اور رہبر اسلام، سید المرسلین، رحمت اللعالمین، نبی آخر الزمان حضرت محمد مصطفےٰ ﷺ کی شان اقدس میں گستاخانہ خاکے شائع کرنے جیسے مذموم سازش کا مرتکب ہوا ہے۔

یہ اسمبلی پیغمبر اسلام نبی آخر الزمان حضرت محمد ﷺ کی شان میں گستاخانہ خاکوں کی فرانسیسی اخبارات میں اشاعت کی پر زور مذمت کرتی ہے۔

یہ اسمبلی آزادی صحافت کی آڑ میں گستاخانہ خاکوں کی اشاعت نہ صرف تمام مذاہب بلکہ تہذیبوں کے خلاف گھناؤنی سازش تصور کرتی ہے جو کہ تمام مذاہب کے مابین انتشار پیدا کرنے اور انسانی قتل و غارت کی راہ کھولنے اور دہشت گردی کو فروغ دینے کے مترادف قرار دیتی ہے۔

یہ اسمبلی اس مذموم سازش کی بھرپور مذمت کرتی ہے جو تمام مذاہب کے عقائد کے احترام کے برعکس تضحیک کا راستہ اپنائے ہوئے ہیں جس کی کسی بھی صورت اجازت نہیں دی جا سکتی۔

فرانس آزادی صحافت کی آڑ میں اسلام کو بدنام کرنے کے درپے ہیں اور انسانیت کے علم بردار پیغمبر اسلام نبی آخر الزمان حضرت محمد ﷺ کی شان میں گستاخانہ خاکوں کی پشت پناہی کر رہے ہیں وہ اس دہشت گردی کے فروغ اور اسلام کو مغربی تہذیبوں سے دست و گریباں اور تصادم کروانا چاہتے ہیں۔

یہ اسمبلی ہر قسم کے دہشت گردی جو کسی صورت میں بھی ہو کی مذمت کرتی ہے کیونکہ اسلام میں تشدد کی کوئی گنجائش نہیں اور کسی کو بھی عالمی پیغام کی غلط تشریح کی اجازت نہیں دی جا سکتی۔

یہ اسمبلی قرار دیتی ہے کہ انبیاء علیہ السلام کی شان میں گستاخی ایسا جرم ہے جس کی معافی نہیں دی جا سکتی۔ اور گستاخانہ خاکوں کی اشاعت سے عالم اسلام کی جذبات کو مجروح کیا گیا ہے۔

یہ اسمبلی قرار دیتی ہے کہ عالمی برادری خصوصاً یورپی یونین اور OIC تمام انبیاء علیہ السلام کی بے حرمتی پر سزا کا قانون بنائے۔

Yours faithfully,

(INAMULLAH KHAN)
Assistant Secretary-VII
Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa